**01.05.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ارجمند علی خان

**Music**

---

1 امور داخلہ کی وزارت نے، دلی -قومی راجدھانی خطے کے کئی اسکولوں کو بھیجی گئی بم کی دھمکی کو فرضی قرار دیا ہے اور والدین پر زور دیا ہے کہ وہ گھبرائیں نہیں۔ تحقیقات جاری ہے۔

2 لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کے لیے سرگرم چناؤ مہم جاری ہے۔ مختلف پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر آج اپنے کاغذات نامزدگی داخل کر رہے ہیں۔

3 انتخابی کمیشن نے اننت ناگ- راجوری پارلیمانی حلقے میں پولنگ کی تاریخ 7 مئی سے بدل کر 25 مئی کر دی ہے۔

4 گذشتہ مہینے GST کی وصولیابی دو لاکھ دس ہزار کروڑ روپے رہی جو اب تک کی سب سے زیادہ ہے۔

5 بھارت نے اسمارٹ آبدوز شکن میزائل نظام کی کامیاب آزمائش کی ہے۔

6 اور بیڈمنٹن میں، چین کے Chengdu میں تھامس کپ کوارٹر فائنل میں آج بھارتی مردوں کی ٹیم کا مقابلہ انڈونیشیا سے ہونے والا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**Delhi Police School**

امور داخلہ کی وزارت نے، قومی راجدھانی اور آس پاس کے علاقوں کے مختلف اسکولوں کو ای-میل کے ذریعے بھیجی گئی بم کی دھمکیوں کو فرضی قرار دیا ہے اور والدین اور طلبا سے اپیل کی ہے کہ وہ گھبرائیں نہیں۔ وزارت نے کہا ہے کہ کچھ اسکولوں کو ای-میل کے ذریعے دھمکیاں ملی ہیں اور تحقیقات جاری ہے۔ دلی پولیس کے مطابق تلاش میں اب تک کچھ بھی مشکوک نہیں پایا گیا۔ وزارت نے کہا ہے کہ دلی پولیس اور سکیورٹی ایجنسیاں اِس واقعے کے تناظر میں ضروری اقدامات کر رہی ہیں۔

دلی کے لیفٹیننٹ گورنر ونئے کمار سکسینہ نے دلی کے پولیس کمشنر سنجئے اروڑہ سے فون پر بات کی اور اِس معاملے کی تفصیلی رپورٹ طلب کی۔ جناب سکسینہ نے کئی اسکولوں کا دورہ بھی کیا جنہیں بم کی دھمکیاں موصول ہوئی تھیں۔

جناب سکسینہ نے دلی پولیس کو یہ ہدایت دی ہے کہ قصوروار افراد کی شناخت کی جائے اور اِس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کسی طرح کی کوئی کوتاہی نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ شرپسندوں اور قصوروار افراد کو بخشا نہیں جائے گا۔

اُدھر دلی کی وزیر تعلیم آتشی نے کہا ہے کہ اسکولوں کو خالی کرا لیا گیا اور دلی پولیس نے اسکولوں میں تلاشی لی۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی اسکول میں اب تک کچھ نہیں ملا ہے۔ محترمہ آتشی نے یہ بھی کہا کہ دلی سرکار نے پولیس اور اسکولوں سے رابطہ قائم کر رکھا ہے۔

## Election Overall

اب جبکہ لوک سبھا انتخابات کا تیسرا مرحلہ قریب آ رہا ہے، آج مختلف سیاسی پارٹیاں ملک بھر میں انتخابی ریلیاں کررہی ہیں۔

وزیراعظم اور BJPکے سرکردہ رہنما نریندر مودی آج گجرات کے بناس کانٹھا اور سابر کانٹھا میں انتخابی ریلیاں کریں گے۔ گجرات میں 7 مئی کو واحد مرحلے کے تحت پولنگ ہوگی۔

وزیر داخلہ اور BJP لیڈر امت شاہ چھتیس گڑھ میں، Korbaمیں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔

سماجوادی پارٹی کے قومی صدر اکھیلیش یادو مین پوری لوک سبھا سیٹ سے پارٹی امیدوار ڈمپل یادو کے لیے انتخابی مہم کریں گے۔

راجستھان کے وزیراعلیٰ اور بی جے پی لیڈر بھجن لال جھارکھنڈکے ہزاری باغ میں لوک سبھا کے امیدوار منیش جیسوال کی حمایت میں ایک عوامی میٹنگ کریں گے اور کاغذات نامزدگی کے پروگرام میں شرکت کریں گے۔

سینئر بی جے لیڈر انوراگ سنگھ ٹھاکر آج کاغذات نامزدگی داخل کرنے کے دوران بستی سے BJPامیدوار ہریش دویدی اور اترپردیش کے ڈومریا گنج سے جگدمبیکا پال کے ساتھ ہونگے۔

ایک اور BJP رہنما اور مشہور بھوجپوری اداکار دنیش لال یادو نرہوا اعظم گڑھ لوک سبھا حلقے سے آج اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کریں گے۔

## Lok Polls Third Phase

لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کے تحت اِس ماہ کی 7 تاریخ کو 10 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کی 93 سیٹوں پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اصل طور پر 94پارلیمانی حلقوں میں ووٹنگ ہونی تھی، تاہم مدھیہ پردیش کی Betul لوک سبھا سیٹ پر دوبارہ چناؤ کو دوسرے سے تیسرے مرحلے میں کرانے کے پروگرام کے بعد گجرات کے سورت حلقے میں ہی

جے پی امیدوار کے بلا مقابلہ منتخب ہونے اور جموں وکشمیر کے اننت ناگ-راجوری پارلیمانی حلقے میں چناؤ کی نئی تاریخوں کے اعلان کے بعد اب کُل 93سیٹوں پر پولنگ ہوگی۔

اِس مرحلے میں گجرات کی 25، کرناٹک کی 14، مہاراشٹر کی 11 اور اترپردیش کی 10سیٹوں پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔

اِس کے علاوہ مدھیہ پردیش کی 9، چھتیس گڑھ کی 7، بہار کی 5، آسام اور مغربی بنگال کی 4-4 اور گوا، دادر اور نگر حویلی اور دمن ودیو کی دو دو سیٹوں پر بھی پولنگ ہوگی۔ اِس مرحلے کے ساتھ ہی 16 ریاستوں سمیت سبھی شمال مشرقی ریاستوں اور 4مرکز کے زیر انتظام علاقوں انڈومان نکوبار جزائر، پڈوچیری، لکشدیپ، دادر و نگر حویلی اور دمن ودیو میں ووٹنگ کا عمل مکمل ہوجائے گا۔

## Rajsthan Re Pollig

انتخابی کمیشن نے راجستھان کے اجمیر لوک سبھا حلقے میں **Nandsi** گاؤں کے ایک پولنگ مرکز پر دوبارہ پولنگ کرانے کی ہدایات جاری کی ہیں۔ وہاں دوسرے مرحلے کے تحت 26 اپریل کو ووٹ ڈالے گئے تھے۔

اعلیٰ انتخابی افسر پروین گپتا نے بتایا ہے کہ **Nandsi** کے ایک پولنگ مرکز پر کل صبح سات بجے سے شام پانچ بجے تک دوبارہ پولنگ کرائی جائے گی۔ یہ پولنگ مرکز **Masuda** اسمبلی حلقے کے دائرے میں آتا ہے۔

اجمیر پارلیمانی حلقے کے لیے ریٹرننگ افسر اور عام مشاہد کی رپورٹ موصول ہونے اور ہر طرح کے حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے وہاں دوبارہ ووٹنگ کرائی جا رہی ہے۔

## J&K-Poll Date Revised

انتخابی کمیشن **ECI** نے جموں وکشمیر کے اننت ناگ-راجوری پارلیمانی حلقے میں لوک سبھا انتخابات کے لیے نئی تاریخوں کا اعلان کیا ہے۔ اننت ناگ -راجوری لوک سبھا سیٹ کیلئے اب پولنگ 7 مئی کی بجائے 25 مئی کو ہوگی۔ انتخابی کمیشن نے کہا کہ یہ فیصلہ مرکز کے زیر انتظام علاقے کی مختلف پارٹیوں کے نمائندوں کے ساتھ صلاح ومشورے کے بعد لیا گیا ہے۔ اِن نمائندوں نے کمیشن کو بتایا کہ انتخابی مہم کے دوران مختلف لاجسٹک، کمیونی کیشن اور قدرتی رُکاوٹیں درپیش تھیں، جس کی وجہ سے انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں کو انتخابی مہم کے لیے یکساں مواقع نہیں مل پائے۔

## Prez Visit Ayodhya

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج ایودھیا میں شری رام جنم بھومی مندر جائیں گی۔ رام مندر کی پران پرتشٹھا تقریب کے بعد رام جنم بھومی کا ان کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ صدر جمہوریہ ہنومان گڑھی بھی جائیں گی اور شام میں سریو آرتی میں شریک ہوں گی۔

صدر جمہوریہ کے دورے کے پیش نظر لکھنؤ، ایودھیا، گورکھپور، قومی شاہراہ اور ایودھیا ہوائی اڈے کو رام پتھ سے جوڑنے والے **Route** پر ٹریفک کے لیے راستہ تبدیل کیا جائے گا۔البتہ عام عقیدتمندوں کا مندر آنے کا سلسلہ اسی طرح جاری رہے گا۔ اِس دوران صدر جمہوریہ کے دورے کے تناظر میں سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔

## GST Revenue Collection

گذشتہ مہینے سامان اور خدمات ٹیکس **GST** کی مد میں دو لاکھ دس ہزار کروڑ روپے وصول کیے گئے، جو اب تک کی سب سے زیادہ رقم ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق اِس سے پچھلے سال کے مقابلے **12** اعشاریہ چار فیصد کے نمایاں اضافے کی عکاسی ہوتی ہے۔ اندرون ملک لین دین اور درآمدات میں زبردست اضافے کے تناظر میں ایسا ہوا ہے۔اِس سال اپریل میں مجموعی وصولیابی میں سے مرکزی جی ایس ٹی **43** ہزار کروڑ روپے سے زیادہ رہا، ریاستی جی ایس ٹی **53** ہزار کروڑ روپے اور مربوط جی ایس ٹی **99** ہزار کروڑ روپے سے زیادہ شامل ہے۔ اِس کے علاوہ ذیلی محصول **13** ہزار کروڑ روپے سے زیادہ رہا ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ ری-فنڈ کے حساب کتاب کے بعد اِس سال اپریل میں **Net GST** ایک لاکھ **92** ہزار کروڑ روپے سے زیادہ رہا جس سے گذشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے **17** فیصد سے زیادہ کے اضافے کی عکاسی ہوتی ہے۔

## DG-Akashwani

انڈین انفارمیشن سروس کی سینئر افسر **Maushumi Chakravarty** نے آج آکاشوانی نیوز کی ڈائریکٹر جنرل کی ذمہ داری سنبھال لی ہے۔ **1991** بیچ کی **IIS** افسر محترمہ چکرورتی کو اطلاعات و نشریات کی وزارت کی کئی میڈیا تنظیموں میں کام کرنے کا وسیع تجربہ حاصل ہے، جس میں پریس انفارمیشن بیورو **PIB** اور مرکزی کمیونکیشن بیورو شامل ہیں۔

**30**سال سے زیادہ عرصے کے اپنے کریئر میں انہوں نے قومی انسانی حقوق کمیشن میں **Deputation**کی بنیاد پر بھی کام کیا ہے۔ وہ کابینہ وزیر کی **P.S.** کے عہدے پر بھی فائز رہ چکی ہیں۔ محترمہ **Maushumi Chakravarty** نے کل پرنسپل **DG** کے عہدے سے محترمہ وسودھا گپتا کے ریٹائر ہونے کے بعد چارج سنبھالا ہے۔

## Defence Smart

بھارت نے اسمارٹ آبدوز شکن میزائل نظام کی کامیاب آزمائش کی ہے۔ یہ تجربہ آج صبح اڈیشہ کے ساحل کے نزدیک ڈاکٹر **APJ** عبدالکلام جزیرے پر کیا گیا۔ وزارت دفاع کے مطابق اِس سے بھارتی بحریہ کی آبدوز شکن جنگی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔ وزارت نے کہا ہے کہ اسمارٹ نئے

سلسلے کا میزائل پر مبنی ہلکے وزن کا Torpedo ڈلیوری نظام ہے جو دفاعی تحقیق اور ترقی کی تنظیم DRDO نے تیار کیا ہے۔

## IMD-Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے، گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال، اوڈیشہ، بہار اورجھارکھنڈ میں شدید گرمی کے تناظر میں کل تک کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

جنوبی بھارت میں تلنگانہ، کرناٹک، آندھرا پردیش، کیرالہ، تمل ناڈو اور پدوچیری کے بعض حصوں میں اگلے چار روز کے دوران گرمی کا زور جاری رہنے اور ہوا میں نمی کی کیفیت برقرار رہنے کا امکان ہے۔

اِدھر موسمیات محکمے نے شمال مغربی بھارت میں کل تک دن کے درجہ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیس کی گراوٹ آنے کی پیش گوئی کی ہے۔ البتہ اگلے چار روز کے دوران وسطی بھارت میں پارہ دو سے تین ڈگری سیلسیس بڑھنے کا امکان ہے۔

## Badminton Thomas Cup

چین کے Chengdu میں تھامس کپ کوارٹر فائنل میں آج بھارتی مردوں کی ٹیم کا مقابلہ انڈونیشیا سے ہونے والا ہے۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام پانچ بجے شروع ہوگا۔ آج کے میچ سے گروپ میں سرفہرست رہنے والی ٹیموں کا فیصلہ ہوگا۔

## IPL-Cricket

IPLکرکٹ میں آج چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں چنئی سُپر کنگس کا مقابلہ پنجاب کنگس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔اِدھر لکھنؤ میں، لکھنؤ سُپرجائنٹس نے ممبئی انڈینس کو 4 وکٹ سے ہرادیا۔